سوال نمبر 395

منجانب: سجاد اللہ، رکن صوبائی اسمبلی

نمبر شمار	سوال	جواب
۱	کیا وزیر سوشل ویلفئیر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ (الف) آیا یہ درست ہے کہ پورے ضلع کوہستان میں ایک بھی سوشل ویلفئیر کا دفتر نہیں ہے؟ (ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ سوشل ویلفئیر کا دفتر تا حال کیوں نہیں بنایا گیا ہے۔ نیز دفاتر کا قیام کب عمل میں لایا جائے گا اور اس کے لئے سٹاف کی بھرتی یا تعنیاتی کا کیا طریقہ کار ہو گیا۔ تفصیل فراہم کی جائے۔	(الف) جی نہیں کوہستان میں داسو کے مقام پر جو کہ کوہستان اپر کہلاتا ہے میں محکمہ سوشل ویلفئیر ضلعی دفتر پچھلے کئی سالوں سے قائم ہے۔ (ب) چونکہ کوہستان جو کہ سابقہ دور میں صرف ایک ضلع پر مشتمل تھا لیکن گزشتہ حکومتی ادوار میں دو مزید اضلاع کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جو کہ کوہستان لوئر اور کولائی پلاس کے نام پر مشتمل ہیں ان اضلاع میں محکمہ ہذا اپنے دفاتر قائم نہیں کر پایا جس کی بنیادی وجہ نئی آسامیوں کی تخلیق پر پابندی ہے جب کہ محکمہ کے موجودہ ڈھانچہ میں انسانی وسائل کی شدید کمی ہے جس کی وجہ سے موجودہ انسانی وسائل کو بروی کار نہیں لایا جاسکتا لہذا ان اضلاع میں دفاتر کا قیام فی الوقت ممکن نہیں۔ جہاں تک نئے اضلاع میں تعنیاتی کے طریقے کار کا تعلق ہے نئی آسامیوں کی منظوری کے بعد پبلک سروس کمیشن اور ایٹا کے ذریعے تعنیاتی کا عمل تمام مروجہ قوانین پر عمل پیرا ہو کر کیا جائے گا۔

Scanned with CamScanner